بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

10 اگست 2023ء

# پریس ریلیز

## تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام 3 ہفتوں پر مشتمل ملک گیر " بقائے پاکستان: نفاذِ عدلِ اسلام" مہم کا آغاز 11 اگست 2023ء سے ہو گا۔ان شاءاللہ!

**لاہور(پ ر):** تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام 3 ہفتوں پر مشتمل ملک گیر " بقائے پاکستان: نفاذِ عدلِ اسلام" مہم کا آغاز 11 اگست 2023ء سے ہو گا۔ ان شاءاللہ! یہ بات مرکزی ناظم نشرواشاعت و ترجمان تنظیم اسلامی **ایوب بیگ مرزا** نے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ بقائے پاکستان کے لیے عدلِ اسلام کا نفاذ ناگزیر ہے۔ مملکتِ خداداد پاکستان کے تمام عوام وخواص کی توجہ اس اہم ذمہ داری کی طرف مبذول کروانے کے لیے تنظیم اسلامی 11 اگست تا 03 ستمبر 2023ء، پاکستان بھر میں "بقائے پاکستان: نفاذِ عدلِ اسلام" مہم کا انعقاد کر رہی ہے۔ مہم کا آغاز تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** کے خصوصی خطاب جمعۃ المبارک منعقدہ مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈی ایچ اے کراچی سے ہو گا۔ مہم کے حوالے سے امیر تنظیم اسلامی کا خصوصی ویڈیو پیغام بھی نشر کیا جائے گا۔14 اگست 2023ء کو کراچی میں "بقائے پاکستان: نفاذِ عدلِ اسلام" کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد ہو گا۔ جس میں معروف علماء کرام اور دانشور حضرات شرکت کریں گے۔ مہم کے دوران پارلیمنٹیرینز، میڈیا، ججز، سیاستدانوں، علماء کرام اور دیگر اہم ملکی شخصیات کے نام امیر تنظیم اسلامی کے خطوط بھیجے جائیں گے۔ موضوع پر متعدد پریس ریلیز ز کا اجراء ہو گا۔ مہم کے دوران پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پر پاکستان کی بقاء کے لیے نفاذِ عدلِ اسلام کی ضرورت واہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے بھرپور دعوتی سرگرمیاں کی جائیں گی۔ ملک بھر میں پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی ضرورت کو واضح کرنے کے لیے تشہیری مہم چلائی جائے گی۔ پاکستان بھر میں تنظیم اسلامی کے حلقہ جات مہم کے دوران دیگر سرگرمیوں کے علاوہ اہم دینی و سیاسی شخصیات سے ملاقات اور رابطہ کریں گے اور اُن تک امیر تنظیم اسلامی کا پیغام پہنچائیں گے۔ مہم کے عنوان کی مناسبت سے خطابات جمعۃ المبارک اور عوامی پروگراموں کے انعقاد کا اہتمام کیا جائے گا۔

علاوہ ازیں پاکستان کی بقاء کے لیے نفاذِ عدلِ اسلام کو یقینی بنانے کے لیے ملک بھر میں پرامن ریلیوں کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔ان شاءاللہ!

ترجمان تنظیم اسلامی نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں موجود ظلم وزیادتی کی فضا اور طبقاتی کشمکش کو ختم کرنے کے لیے نفاذِ عدلِ اسلام کی طرف پیش قدمی کی جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کے عطا کردہ عادلانہ نظام ہی میں پاکستان کی بقاء مضمر ہے۔ عوام وخواص سے پُرزور اپیل کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ آیئے "بقائے پاکستان: نفاذِ عدلِ اسلام" کی اجتماعی جدوجہد میں شریک ہو کر ہم سب اس عظیم فریضہ کی ادائیگی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمارا حامی وناصر ہو۔آمین!

**جاری کردہ**

رضاءالحق

نائب ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

امیر تنظیم:
شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم:
ڈاکٹر اسرار احمد

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM-E-ISLAMI

## PRESS RELEASE: Thursday 10 August, 2023

**"Nationwide *'Baqa e Pakistan: Nifaz e Adal e Islam'* campaign spanning 3 weeks will commence from the 11th of August, 2023, under the aegis of Tanzeem-e-Islami. In Sha Allah!"**

**Lahore (PR):** "Nationwide *'Baqa e Pakistan: Nifaz e Adal e Islam'* campaign spanning 3 weeks will commence from the 11th of August, 2023, under the aegis of Tanzeem-e-Islami. *In Sha Allah!*"

This was said by the Markazi Nazim Nashr o Ishaat and Spokesman of Tanzeem e Islami, **Ayub Baig Mirza**, in a statement. He said that the reality is that establishment of Islamic justice is crucial to Pakistan's survival. In order to direct the attention of the masses and the ruling elite towards this pivotal responsibility, Tanzeem-e-Islami is organizing a nationwide *"Baqa e Pakistan: Nifaz e Adal e Islam"* (Pakistan's Survival: Establishment of Islamic Justice) campaign from 11 August through 03 September, 2023. The campaign will commence with a special Khitab e Jumu'ah delivered by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, at Masjid Jamia al Qur'an, Quran Academy, DHA, Karachi. An exclusive video message of the Ameer of Tanzeem-e-Islami will also be disseminated. On 14 August 2023, a seminar on the topic *"Baqa e Pakistan: Nifaz e Adal e Islam"* will be held in Karachi, which will see the participation of renowned religious scholars and members of the intelligentsia. Over the course of the campaign, letters will be sent by the Ameer of Tanzeem-e-Islami to parliamentarians, media, judges, politicians, religious scholars and other important national personalities. Multiple press releases will be issued on the topic. During the campaign, the necessity of establishing a system based on Islamic justice for the survival of Pakistan will be emphasized through rigorous activities, spread across print, electronic and social media. A nationwide promotion campaign aimed at demonstrating the importance of establishing Pakistan as a true Islamic welfare state will also be organized. Tanzeem-e-Islami's *Halqajaat* (centers and regions) all over Pakistan, alongside numerous activities, will connect and communicate with important religious and political figures to relay the message of the Ameer. Friday sermons and public programs adhering to the subject will be organized. Furthermore, to ensure the establishment of the Islamic system of justice for the survival of Pakistan, peaceful rallies will be arranged across the country. *In Sha Allah!*

The spokesman of Tanzeem e Islami emphasized that it is imperative to eradicate the current environment of oppression and injustice as well as social-class-based conflicts by working towards the enforcement of the system of Islamic justice. The truth is that the survival of Pakistan is linked to the enforcement of the just Islamic system in the country. He emphatically appealed to the masses and the ruling elite by inviting all and sundry to join hands in the struggle for *"Baqa e Pakistan: Nifaz e Adal e Islam"*, so that we may play our due roles in the fulfillment of this paramount duty. May Almighty Allah *(SWT)* be our Helper and Guide. *Ameen!*

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Naib Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem e Islami Pakistan**